# 29-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ملک کی ہمہ جہت ترقی میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہم ۔من کی بات کے 132 ویں ایڈیشن سے وزیراعظم کا عوام سے خطاب۔

۲۔اسمبلی کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے کی وجہ سے بی آر ایس ارکان کو آج اور کل کیلئے اسپیکر نے اسمبلی سے معطل کردیا۔

۳۔مرکزی وزیر شہری ہوا بازی رام موہن نائیڈو نے کہا اڑان اسکیم کے تحت عادل آباد اور ناگرجنا ساگر میں نئے ہوائی اڈے قائم کئے جائیں گے۔

اور

۴۔ملازمین کے احتساب، والدین کی کفالت اورنگرانی سے متعلق بل 2026ء کی اسمبلی میں منظوری۔

## Mann Ki Baat - PM

مشرق وسطیٰ میں جاری بحران کی وجہ سے ہندوستان پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کی بات کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ اس طرح کے مشکل حالات کا ماضی میں بھی ملک نے سامنا کیا ہے اوران پر قابو پانے کی مکمل صلاحیت ہمارے پاس موجود ہے۔آج من کی بات کے 132 ویں ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اجتماعی قوت اور مشترکہ شعور کے ساتھ چیلنجز کا مقابلہ کریں۔انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو سیاسی زاویہ سے نہ دیکھا جائے، افواہوں پر یقین نہ کیا جائے اور حکومت پر مکمل اعتماد رکھا جائے۔

Sound Byte - 1

وزیراعظم نے کہا کہ پانی کے تحفظ کوایک عوامی تحریک کے طور پر جاری رکھ کرآنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔جل سینچائی ابھیان نے عوام میں پانی کے وسائل کے تحفظ سے متعلق شعور بیداری پیدا کی ہے۔دیہاتوں میں رین واٹر ہارویسٹنگ کے ذریعے بارش کے پانی کوزمین میں جذب کر کے زیرزمین پانی کی سطح بڑھائی جاسکتی ہے۔انہوں نے آبی تحفظ کیلئے ملک گیر سطح پر کلیدی رول ادا کرنے والے بعض علاقوں کا ذکر کرتے ہوئے تلنگانہ کے ضلع منچریال کے مددی گنٹہ گاؤں کے لوگوں کی جانب سے کئے گئے اقدامات کی ستائش کی۔

Sound Byte - 2

نریندرمودی نے کہا کہ ملک کی ہمہ جہت ترقی میں نوجوانوں کا کردارنہایت اہم ہے۔مائی ینگ بھارت ،مائی بھارت تنظیم نوجوانوں کو مثبت سمت میں لے جانے کے لئے اہم کام کر رہی ہے۔بجٹ کویسٹ، نامی کوئز مقابلے میں لاکھوں نوجوانوں نے حصہ لے کر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔اسی طرح تلنگانہ کے سوریاپیٹ سے تعلق رکھنے والے کوٹلا رگھوویر ریڈی کی تحریری مقابلے میں کارکردگی کوبھی انہوں نے سراہا۔

Sound Byte - 3

انہوں نے کہا کہ آتم نربھر بھارت کے ہدف کے حصول میں ماہی گیر بھی اہم کردارادا کر رہے ہیں۔وہ سمندر کی لہروں سے روزانہ مقابلہ کرتے ہوئے نہ صرف اپنے خاندان بلکہ ملک کی معیشت کوبھی مضبوط بنارہے ہیں۔بندرگاہوں کی ترقی ،جدیدٹیکنالوجی کی فراہمی،تحفظ اور بیمہ جیسی سہولیات کے ذریعہ حکومت کی جانب سے ان کی مدد کی جارہی ہیے۔

## Sound Byte - 4

وزیراعظم نے کہا کہ ٹی20 ورلڈ کپ میں بھارتی ٹیم کی تاریخی جیت نے مارچ کے مہینے میں شائقینِ کرکٹ کو زبردست جوش وخروش پیدا کردیا۔اسی طرح جموں وکشمیر کی ٹیم نے 70 سال بعد رانجی ٹرافی جیت کر ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے،جس پر انہوں نے خوشی کا اظہار کیا اور ان کی ستائش کی۔

## Sound Byte -5

نریندر مودی نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ طرزِ زندگی میں تبدیلی کے ذریعہ جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔دنیا بھر میں یوگا کی مقبولیت بڑھ رہی ہے،اس لئے اسے روزمرہ زندگی کا حصہ بنانا چاہیے۔شکر اور کھانے کے تیل کے استعمال میں کمی کرکے مختلف طرزِ زندگی سے جڑی بیماریوں سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔

## Sound Byte - 6

Parents Bill

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی میں ملازمین کے احتساب والدین کی دیکھ بھال سے متعلق بل 2026ء کو منظوری دے دی گئی۔اس اقدام کے ذریعہ والدین کو نظرانداز کرنے والے ملازمین کی تنخواہوں میں سے حکومت 15 فیصد کٹوتی کرتے ہوئے یہ رقم ان کے ماں باپ کے کھاتوں میں جمع کروائے گی۔ملازمین کے ساتھ ساتھ اِس کا اطلاق عوامی نمائندوں پر بھی ہوگا۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ ماں باپ کی دیکھ بھال کے معاملہ میں ان کی اولاد کو ذمہ داری قبول کرنی چاہئے۔انہوں نے بتایا کہ ماں باپ کیلئے سماجی ذمہ داری کے طور پر ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے ملازمین کو جوابدہ بنانے اور والدین کی دیکھ بھال کیلئے یہ قانون بنایا گیا ہے۔

## Road Development

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن، سی ایم سی اور ایم ایم سی کارپوریشنس میں سڑکوں کی ترقی کیلئے بڑے پیمانے پر فنڈس مختص کئے گئے ہیں۔ جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے بتایا کہ ہرزون کیلئے 25 کروڑ روپے کے حساب سے 150 کروڑ روپے مختص کئے گئے۔ انہوں نے عہدیداروں کو 31 مارچ سے پہلے سڑکوں کی ترقی کا تخمینہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ سی آر ایم پی کے تحت 3 ہزار 145 کروڑ کے ساتھ ساتھ ایک ہزار 45 کلومیٹر کی مرکزی سڑکوں کی بحالی کے کام کئے جائیں گے۔ کارپوریشن نے خاص طور پر ضم ہونے والے مواضعات کی سڑکوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

## Nizamabad Police Commissioner

نظام آباد کے کمشنر پولیس سائی چیتنیا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے نشہ آور اشیاء اور بری عادتوں سے دور رہتے ہوئے بہتر رویہ اختیار کرنے سے ہی ملک کا مستقبل تعمیری ہوگا۔ انہوں نے منشیات کے خلاف آج نظام آباد میں 2k رن کا آغاز کیا۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ نوجوان Say no to Drugs, Yes to Life نعرے کے ساتھ اپنی زندگی میں تبدیلی لائیں۔ کمشنر پولیس نے کہا کہ اگر نوجوان اپنی طاقت اور صلاحیتوں کا مناسب انداز میں استعمال کریں تو ان کا مستقبل بہتر رہے گا۔ اسی طرح انہوں نے نوجوانوں میں صحتمند طرزِ زندگی کیلئے کھیل کود اور ورزش کی اہمیت پر زور دیا۔

Suspension

ایوان کی کارروائی میں خلل اندازی کی وجوہات کی بناپر ارکانِ اسمبلی ہریش راوٗ، تارک راماراوٗ، سبیتااندراریڈی اور تلاسانی سرینواس یادوسمیت بی آرایس کے بعدارکانِ اسمبلی کواسپیکراسمبلی نے آج اورکل کیلئے اسمبلی سے معطل کیا۔اسی طرح اسمبلی میں رکن اسمبلی کوشک ریڈی کے رویہ پراسپیکر نے برہمی ظاہر کی۔اس معاملہ کی تادیبی کمیٹی سے سفارش کی گئی۔

Sridhar Babu

تلنگانہ کے وزیرامور مقنّنہ سریدھر بابو نے کہا ہے کہ ایوان کی کارروائی کوموثر طریقہ سے چلانے میں اسپیکر کے ساتھ تعاون کرنا ہر رکن کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے یاد دلایا کہ بی آرایس اراکین کی جانب سے اٹھائے گئے موضوعات پر تحقیقات کا اعلان پہلے ہی ریاستی وزیر ویویک وینکٹا سوامی نے ایوان میں کیا تھا، جبکہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سی بی سی آئی ڈی کے ذریعہ تحقیقات کی یقین دہانی کروائی۔اس کے باوجود ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنا مناسب نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کے ہر سوال کا جواب دینے کے لئے تیار ہے۔

Rammohan Naidu

مرکزی وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی کابینہ کی جانب سے منظور شدہ اُڑان 2.0 اسکیم سے تلگوریاستوں کو جامع فوائد حاصل ہوں گے۔انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کے تحت تلنگانہ کے عادل آباداور آندھراپردیش میں ناگرجناساگر میں نئے ہوائی اڈے تعمیر کئے جاسکتے ہیں۔ماموناوراایئرپورٹ کی فائل اس وقت بین وزارتی مشاورت کے مرحلہ میں ہےاور جون میں اس کا سنگ بنیادرکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

Sports Competitions

حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں ارکانِ اسمبلی اور ارکانِ کونسل کے لئے کل شام کھیلوں کے مقابلے شروع ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی، اسپیکر گڈم پرساد کمار، نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر مارکا سمیت کئی وزراء اور عوامی نمائندے شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے طلبہ اور ارکانِ اسمبلی کے ساتھ فٹبال بھی کھیلا۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل سیاسی مصروفیات اور مسائل کی یکسوئی کیلئے آرام کے بغیر خدمات انجام دینے والوں کیلئے یہ ایک شاندار موقع ہے۔

Hyderabad

بنگلور سے تعلق رکھنے والی رضا کارانہ تنظیم آن باکسنگ بی ایل آر کی جانب سے جاری کردہ وی آر سٹی 2026 سالانہ رپورٹ کے مطابق حیدرآباد کو ملک کا سب سے زیادہ قابل رہائش شہر قرار دیا گیا ہے۔ سٹی انڈکس کے نام سے جاری کردہ رپورٹ میں سفر، تنوع، تفریح، رہائش، بنیادی سہولیات اور موسمی حالات جیسے عوامل کی بنیاد پر 8 شہروں کی درجہ بندی کی گئی، جس میں بنگلورو دوسرے نمبر پر رہا۔

○○